# NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

## REPORT OF THE STANDING COMMITTEE ON INTERIOR AND NARCOTICS CONTROL ON THE CORROSIVE SUBSTANCES ASSAULT (PREVENTION AND PROTECTION) BILL, 2024

I, Chairman of the Standing Committee on Interior and Narcotics Control, have the honour to present this report to prevent and punish corrosive substances assault crimes, provide support and protection to victims and ensure justice and accountability in the Islamabad Capital Territory [The Corrosive Substances Assault (Prevention and Protection) Bill, 2024] (Private Member's Bill) referred to the Committee on 17th December, 2024.

2. The Committee comprises the following:

| | | |
|---|---|---|
| 1. | **Raja Khurram Shahzad Nawaz** | **Chairman** |
| 2. | Mr. Anjum Aqeel Khan | Member |
| 3. | Chaudhary Naseer Ahmed Abbas | Member |
| 4. | Ms. Nosheen Iftikhar | Member |
| 5. | Malik Shakir Bashir Awan | Member |
| 6. | Ch. Muhammad Shahbaz Babar | Member |
| 7. | Haji Jamal Shah Kakar | Member |
| 8. | Syed Rafiullah | Member |
| 9. | Sardar Nabeel Ahmed Gabol | Member |
| 10. | Mr. Abdul Qadir Patel | Member |
| 11. | Nawabzada Mir Jamal Khan Raisani | Member |
| 12. | Khawaja Izhar Ul Hassan | Member |
| 13. | Ms. Rana Ansar | Member |
| 14. | Mr. Muhammad Ijaz -Ul- Haq | Member |
| 15. | Mr. Hussain Ellahi | Member |
| 16. | Mr. Shehryar Khan Afridi | Member |
| 17. | Mr. Mohammad Jamal Ahsan Khan | Member |
| 18. | Mr. Nisar Ahmed | Member |
| 19. | Syed Mohsin Raza Naqvi<br>Minister for Interior and Narcotics Control | *Ex-officio* Member |

3. The Committee considered the Bill, as introduced in the National Assembly, placed at **'Annexure-'A',** in its meetings held on 26-5-2025, 09-7-2025, 05-8-2025, 27-8-2025, 24-9-2025, 21-10-2025, 26-11-2025 and recommended that the Bill, may not be passed by the National Assembly.

Sd/-
**(Tahir Hussain)**
Secretary General
*Islamabad, the 10th December, 2025*

Sd/-
**(Raja Khurram Shahzad Nawaz)**
Chairman

**Annexure-A**

# [AS REPORTED BY THE STANDING COMMITTEE]

## A

## BILL

to prevent and punish corrosive substances assault crimes, provide support and protection to victims and ensure justice and accountability in the Islamabad Capital Territory;

WHEREAS, it is expedient to devise a specialized legislation that is vital to deter perpetrators of corrosive substances related crimes through stringent penalties and ensure victims' access to justice and rehabilitation in the Islamabad Capital Territory.

It is hereby enacted as follows:-

## CHAPTER I
## INTRODUCTION

1. **Short title, extent and commencement.** (1) This Act may be called the Corrosive Substances Assault (Prevention and Protection) Bill, 2024.

(2) It shall apply to the Islamabad Capital Territory.

(3) It shall come into force at once.

2. **Definition.**- (1) In this Act, unless there is anything repugnant to the subject or context,-

(a) "corrosive substance" means a substance which may destroy, cause hurt, deface or dismember any organ of the human body and includes every kind of acid, poison, explosive or explosive substance, heating substance, noxious thing, arsenic or any other chemical which has a corroding effect and which is deleterious to human body;

(b) "corrosive substance assault" means any act or omission, caused by corrosive substance/acid to be thrown or administered in any form on the victim with the intention that such person is likely to cause to the other person permanent or partial damage/injury or deformity or disfigurement to any part of the body or organ or cause death of such victim;

(c) "medical treatment" shall include surgeries or associated procedures, nursing care, physiotherapy, psychological support, psychotherapy etc;

(d) "rehabilitation" shall mean bringing or restoring a victim to a normal or optimal state of health constructive activity, etc. by medical treatment and physical or psychological therapy, and also to prepare such victim for useful employment or successful integration into society by counseling, training, etc;

(e) "victim" means a person who has been subjected to a corrosive chemical assault and who has either survived as a result thereof or is dead;

(f) "committee" means special committee constituted under Section 18 of this Act;

(g) "Code" means Code of Criminal Procedure (Act V of 1898).

(h) "Fund" means Corrosive Substances Crime Victim Fund established under section 17 of this Act; and

(i) "Magistrate" means the Magistrate Section 30/Magistrate of first class as provided in the code.

(2) All other terms and expressions used but not defined in this Act shall have the same meanings as defined in the Pakistan Penal Code, 1860 (Act XIV of 1860) or in the Code of Criminal Procedure, 1898 (Act V of 1898), or the Qanoon-e-Shahadat Order, 1984 (PO. No. 10 of 1984).

## CHAPTER II
## OFFENCES AFFECTING THE HUMAN BODY

**3. Punishment for causing death or hurt by corrosive substance.-** (1) Whoever with the intention or knowingly cause death or hurt of any person by means of a corrosive substance or any substance which is deleterious to human body when it is swallowed, inhaled, comes into contact with or received into human body or otherwise shall be said to cause hurt or death by corrosive substance.

(2) Whoever causes death of a person by means of corrosive substance shall be punished with imprisonment for life or imprisonment of either description for a term, which shall not be less than fourteen years and minimum fine not less than two million rupees.

(3) Whoever with the intention or with knowledge, causes hurt to a person by means of a corrosive substance in such a way that causes permanent disfigurement of face way part of body, or disfigurement or dismemberment of any organ or any part of the organ of the human body, which impairs or injures or corrodes or deforms the symmetry or appearance of a person, shall be punished with imprisonment of either description for a term not less than ten years and fine not less than one million rupees.

**4. Punishment for throwing or attempt to throw corrosive substance.-** Whoever attempts to throw or use any corrosive substance on any person with intention of hurting that person shall be punished with imprisonment of either description for a term not less than three years and fine not less than one hundred thousand rupees.

**5. Punishment for abetment.-** Whoever abets any offence under this Act, and if the act abetted is committed in consequence of the abetment or an attempt is made to commit that offence, shall be punished with the punishment provided for that offence.

**6. Offence to be punishable and triable.-** Notwithstanding anything contained in the Code, an offence punishable under this Act, shall be cognizable, non-bailable and non-compoundable.

## CHAPTER III
## INVESTIGATION, TRIAL AND APPEAL

**7. Registration of FIR.-** Notwithstanding anything contained in any other law for the time being in force, upon receiving information of the offence, the officer in charge of a police station shall reduce the same into writing in the same book and in the same manner as prescribed for a cognizable offence under section 154, of the Code and shall be under a duty to cause investigation of the same.

**8. Investigation of offences.** (1) The investigation under this Act shall be completed by the concerned police officer, not below the rank of inspector, within thirty days from the date of receiving the information of commission of the offence or from the date of order of investigation by the Magistrate.

(2) Where the investigation is not possible to be conclude within the time limit mentioned in sub-section (1), the Court may extend the time limit for not more than fifteen days, if the investigation officer can satisfy the Court, showing special reason, that for the interest of justice it is necessary to extend the time limit for investigation.

(3) If the court finds during the course of investigation or at the conclusion of the trial that the investigating officer, or other concerned officers have failed to carry out the investigation with due diligence or have failed to pursue the case properly and are in breach of their duties, the court shall punish such officer with imprisonment which may extend to two years, or within fine, or with both by resorting to summary proceedings.

**9. Trial._** (1) No court other than the court of session shall take cognizance of any offence under this Act, except on a written report of a police officer not below the rank of inspector or any person authorized in this behalf by the government.

(2) The court upon taking cognizance of a case, under this Act, shall decide the case expeditiously, preferably within three months.

**10. Cognizance of offences.** Notwithstanding anything contained in the Code, a Magistrate of the First Class shall try an offence punishable under this Act and may impose any punishment provided under the Act.

**11. Compensation to the Victim.** On conclusion of the trial, the Court may order the convict to pay compensation to the victim, in addition to the fine, if any.

**12. Appeal.** Any person aggrieved by the final judgment of a Court of Sessions may file an appeal to the High Court.

## CHAPTER IV
## MEDICAL AND LEGAL ASSISTANC AND ESTABLISHMENT OF REHABILITATION CENTRES

**13. Medical personnel examination, treatment and reporting.**- Save as otherwise provided in section 174A, of the Code, if a victim of corrosive substance crime is brought to a medical officer of Private or Government or Semi-government controlled medical facility for initial treatment, after providing immediate medical care to such victim, the attending medical officer shall without any further delay inform the incident to the concerned law enforcement agency or nearest police station and shall also maintain a record in the hospital relating to the antecedents of the said victim.

**14. Medical personnel of Government run facilities to provide free examination, medical treatment and rehabilitation.** – The examination of the victim shall be conducted, free of cost, at nearest Government medical center by the qualified Medical officer.

Provided that, in case that treatment is treatment in provided by a public sector hospital, are initial expenditures shall be re-imbursement by the committee establishment under this Act.

**15. Legal Assistance.** -(1) The Legal Aid and Justice Authority established under the Legal Aid and Justice Authority Act, 2020 (Act XVI of 2020) shall provide legal assistance to the victims of corrosive substance crime. In addition to the fund established under this Act, shall also be utilized for legal assistance under this Act.

(2) In addition to the legal assistance under sub-section (1), the committee shall in consultation with the concerned ministry to which the subject of human rights stands allocated, approve panels of advocates and volunteers for the provision of legal, financial or other assistance either on pro bono or on fee basis, for which the fund under this Act and under the Legal Aid and Justice Authority Act, 2020 (Act XVI of 2020) shall be utilized.

**16. Rehabilitation Center for corrosive substances victims.**- (1) The Federal Government shall establish rehabilitation centres for victims, as and where it deems necessary.

(2) Government may declare any Government establishment as "Rehabilitation Centre for Crime Victims" through gazette notification.

**17. Victim Fund.** -(1) The Federal Government shall establish a fund to carry out the purposes of this Act.

(2) The purposes of the fund shall include the meeting of any expenses.-

(a) towards the establishment of rehabilitation centre;

(b) with regard to the exercise of any power or duty or function mentioned in this Act; and

(c) to grant medical or legal aid to the victim.

(3) The fund shall consist of the following sources, namely:-

(a) Annual grant from the Federal Government;
(b) Bait-ul-maal;
(c) Aid and assistance from local, national and international donors; and
(d) Contributions from statutory bodies, corporations, private organizations and individuals.

(4) The amount credited to the fund shall not lapse by the end of a financial year and shall be available for utilization at any time.

**18. Special Committee.-** (1) The Government shall establish a special committee comprising of eight members, tasked with oversight and management of the fund.

(2) The Committee shall consist of:

| | | |
|---|---|---|
| (a) | Secretary Ministry of Finance: | Chairperson |
| (b) | Two Burn Surgeon or Plastic Surgeon: | Member |
| (c) | Two Psychiatrist/Psychologist: | Member |
| (d) | One human rights advocate: | Member |
| (e) | One human rights activist: | Member |
| (f) | One private financial advisor: | Member |

**19. Power and Responsibility of the Committee.-** (1) The Committee shall have power to:-

(a) Develop and implement regulations to govern the operation of the fund;
(b) Establish criteria for the evaluation of aid included but are not limited to demonstrating financial need;
(c) Allocated Funds to eligible recipients;
(d) Ensure transparency and fairness in the decision making process;
(e) Conduct regular audits of Fund expenditures and operations to ensure compliance statutory guidelines financial integrity.
(f) Generate publish an annual report containing Fund activities, expenditure, audits, and recommendations, if any, and.
(g) Approve panel of advocates and volunteers.

## CHAPTER V
## MISCELLANEOUS

**20. Application of certain Laws.-** Victim shall be deemed to be person with disability and are entitled to benefits and all measures prescribed under the ICT Rights of Persons with Disability Act, 2020 (XXXV of 2020).

**21. Power to make Rules.-** The Federal Government may; by notification in the official Gazette, make rules for carrying out the purposes of this Act.

## STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

The alarming surge in acid throwing and burn crimes has reached epidemic proportions, leaving hundreds of women and children scarred and suffering each year. This troubling trend perpetuates vicious cycles of despair, hopelessness, and untreated trauma. Victims face daunting challenges including socioeconomic vulnerability, pervasive fear and stigma, and complex injuries, which underscore the urgent need for comprehensive legislation.

Addressing these crimes is not just a legal necessity; it is also a moral obligation to combat one of the most egregious violations of human rights. We must commit to safeguarding the protection and dignity of all Pakistani citizens, in line with the international conventions ratified by the Pakistani state, including the Universal Declaration of Human Rights (UDHR), the Convention on the Elimination of All Forms of Discrimination Against Women (CEDAW), the Convention on the Rights of the Child (CRC), and the International Covenant on Civil and Political Rights (ICCPR).

This comprehensive approach to tackling acid throwing and burn crimes aligns fully with the principles enshrined in the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, 1973, reaffirming our dedication to justice, equality, and the fundamental rights of every individual. It is crucial that we take decisive action to ensure a safer and more just society for all.

**SD/-**

**MS. SHARMILA SAHIBA FARUQUI HASHAAM**

Member, National Assembly

# قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

**گلا دینے والے مواد سے حملہ (تدارک وتحفظ) بل، ۲۰۲۴ء پر قائمہ کمیٹی برائے داخلہ وانسداد منشیات کی رپورٹ۔**

میں، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے داخلہ وانسداد منشیات ۱۷ دسمبر، ۲۰۲۴ء کو کمیٹی کے سپرد کردہ اسلام آباد دارالحکومتی علاقہ میں گلا دینے والے مواد سے حملے کے جرائم کے انسداد اور تعزیر کے لئے، متاثرین کو مدد اور تحفظ فراہم کرنے اور انصاف اور احتساب کو یقینی بنانے کے بل [گلا دینے والے مواد سے حملہ (تدارک وتحفظ) بل، ۲۰۲۴ء] (نجی رکن کا بل) پر رپورٹ ہذا پیش کرنے کا شرف حاصل کرتا ہوں۔

۲۔ کمیٹی حسب ذیل اراکین پر مشتمل ہے:۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۔ | **راجہ خرم شہزاد نواز** | **چیئرمین** |
| ۲۔ | جناب انجم عقیل خان | رکن |
| ۳۔ | چوہدری نصیر احمد عباس | رکن |
| ۴۔ | محترمہ نوشین افتخار | رکن |
| ۵۔ | ملک شاکر بشیر اعوان | رکن |
| ۶۔ | چوہدری محمد شہباز بابر | رکن |
| ۷۔ | حاجی جمال شاہ کاکڑ | رکن |
| ۸۔ | سید رفیع اللہ | رکن |
| ۹۔ | سردار نبیل احمد گبول | رکن |
| ۱۰۔ | جناب عبدالقادر پٹیل | رکن |
| ۱۱۔ | نوابزادہ میر جمال خان رئیسانی | رکن |
| ۱۲۔ | خواجہ اظہار الحسن | رکن |
| ۱۳۔ | محترمہ رعنا انصار | رکن |
| ۱۴۔ | جناب محمد اعجاز الحق | رکن |
| ۱۵۔ | جناب حسین الٰہی | رکن |
| ۱۶۔ | جناب شہریار خان آفریدی | رکن |
| ۱۷۔ | جناب محمد جمال احسن خان | رکن |
| ۱۸۔ | جناب نثار احمد | رکن |
| ۱۹۔ | سید محسن رضا نقوی<br>وزیر برائے داخلہ وانسداد منشیات | رکن بلحاظ عہدہ |

۳۔ کمیٹی نے ۲۶ مئی، ۲۰۲۵ء، ۹ جولائی، ۲۰۲۵ء، ۵/اگست، ۲۰۲۵ء، ۲۷/اگست، ۲۰۲۵ء، ۲۴ ستمبر، ۲۰۲۵ء، ۲۱/اکتوبر، ۲۰۲۵ء، ۲۶ نومبر، ۲۰۲۵ء کو منعقدہ اپنے اجلاسوں میں قومی اسمبلی میں پیش کردہ صورت میں بل 'منسلکہ۔ 'الف'، پر غور کیا اور سفارش کی کہ قومی اسمبلی بل منظور نہ کرے۔

دستخط/۔
**(طاہر حسین)**
سیکرٹری جنرل
اسلام آباد، ۱۰ دسمبر، ۲۰۲۵ء

دستخط/۔
**(راجہ خرم شہزاد نواز)**
چیئرمین

منسلکہ۔الف

[قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں]

**گلادینے والے مواد سے حملہ کرنے کے جرائم کے انسداد و تعزیر کیلئے اور متاثرین کو مدد و تحفظ فراہم کرنے اور اسلام آباد دارالحکومتی علاقہ میں انصاف واحتساب کو یقینی بنانے کا بل**

چونکہ یہ قرین مصلحت ہے کہ ایک خصوصی قانون سازی کی جائے جو سخت سزاؤں کے ذریعے گلادینے والے مواد سے حملہ سے متعلقہ جرائم کے مرتکبین کے انسداد کے لئے ضروری ہے اور جو اسلام آباد دارالحکومتی علاقہ میں مضروبین کی انصاف و بحالی تک رسائی کو یقینی بنائے۔

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

**باب اول**

**تعارف**

۱۔ **مختصر عنوان، وسعت اور آغاز نفاذ:** (۱) ایکٹ ہذا گلادینے والے مواد سے حملہ (انسداد وتحفظ) بل، ۲۰۲۴ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) یہ اسلام آباد دارالحکومتی علاقہ پر وسعت پذیر ہوگا۔

(۳) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ **تعریفات۔** (۱) ایکٹ ہذا میں، بجز اس کے کہ کوئی امر متن یا سیاق میں کوئی بات اس کے منافی ہو،۔

(الف) ''گلادینے والے مواد'' سے مراد ایسا مواد ہے جس میں تباہ کرنے، زخمی کرنے، چہرہ بگاڑنے یا انسانی جسم کے کسی عضو کو الگ کرنے کی خاصیت ہو اور اس میں ہر قسم کا تیزاب، زہر، دھماکہ خیز مواد، حدتی مواد، مضر اشیاء، سنکھیا یا کوئی بھی دیگر کیمیکل شامل ہوگا جو گلادینے والے اثر کا حامل ہو اور جو انسانی جسم کے لیے ضرر رساں ہو؛

(ب) ''گلادینے والے مواد سے حملہ'' سے مراد گلادینے والے مواد/ تیزاب کے ذریعے کیا گیا کوئی فعل یا غلطی ہے جو کہ متاثرہ فرد پر کسی بھی صورت میں اس ارادے سے پھینکا جائے یا لگایا جائے کہ کوئی شخص ممکنہ طور پر کسی دوسرے شخص کو مستقل یا جزوی نقصان / زخم دینا چاہتا ہو یا اُس متاثرہ شخص کا چہرہ بگاڑنا یا اُس کے جسم کے کسی حصے یا عضو کی ہیئت بگاڑنا یا اُسے مارنا چاہتا ہو؛

(ج) ''طبّی علاج'' میں سرجری یا متعلقہ طریق ہائے کار، نرسنگ کی خدمات، فزیو تھراپی، نفسیاتی مدد، سائیکو تھراپی وغیرہ شامل ہوں گے؛

(د) ''بحالی'' کا مطلب طبّی علاج اور جسمانی یا نفسیاتی علاج کے ذریعے کسی متاثرہ شخص کو صحت، تعمیری سرگرمی وغیرہ کی معمول کی یا بہتر حالت میں لانا یا بحالی ہے اور ایسے متاثرہ شخص کو کارآمد ملازمت یا مشاورت اور تربیت وغیرہ کے ذریعے معاشرہ میں کامیابی سے ضم ہونے کیلئے تیار کرنا ہے؛

(ہ) ''متاثرہ فرد'' سے مراد وہ شخص ہے جس پر تیزابی کیمیائی حملہ ہوا ہو اور اس کے نتیجے میں یا تو وہ بچ گیا ہو یا پھر اس کی موت واقع ہوگئی ہو؛

(و) ''کمیٹی'' سے مراد ایکٹ ہذا کی دفعہ ۱۸ کے تحت تشکیل کردہ خصوصی کمیٹی ہے؛

(ز) ''ضابطہ'' سے مراد مجموعہ ضابطہ فوجداری (ایکٹ نمبر ۵ بابت ۱۸۹۸ء) ہے؛

(ح) ''فنڈ'' سے مراد ایکٹ ہذا کی دفعہ ۱۷ کے تحت قائم کردہ گلا دینے والے مواد کے حملہ سے متاثرہ افراد کا فنڈ ہے؛ نیز

(ط) ''مجسٹریٹ'' سے مراد مجموعہ میں صراحت کردہ مجسٹریٹ دفعہ ۳۰/ مجسٹریٹ درجہ اول ہے؛

(۲) دیگر تمام شرائط و عبارات جو ایکٹ ہذا میں استعمال کی گئی ہیں مگر ان کی وضاحت نہیں کی گئی ہے ان کی وہی معنی ہوں گے جو مجموعہ تعزیرات پاکستان، ۱۸۶۰ء (ایکٹ نمبر ۱۴ بابت ۱۸۶۰ء)، مجموعہ ضابطہ فوجداری، ۱۸۹۸ء (ایکٹ نمبر ۵ بابت ۱۸۹۸ء) یا فرمان قانون شہادت، ۱۹۸۴ء (پی او نمبر ۱۰ بابت ۱۹۸۴ء) میں بیان کئے گئے ہیں۔

## باب دوم

## انسانی جسم کو متاثر کرنے والے جرائم

۳۔ **گلا دینے والے مواد سے موت واقع ہونے یا نقصان پہنچنے کی سزا۔** (۱) کوئی بھی شخص جو دانستہ طور پر یا جان بوجھ کر کسی فرد کو گلا دینے والے مواد یا ایسے کسی دیگر مادہ جو انسانی جسم کیلئے نقصان دہ ہو اور منہ یا سانس کے ذریعے یا بصورت دیگر انسانی جسم میں داخل ہونے سے کسی شخص کو نقصان یا اس کی موت کا سبب بنے تو وہ تیزابی مادہ سے نقصان یا موت متصور ہو گی۔

(۲) گلا دینے والے مواد کے ذریعے کسی شخص کو مارنے والے فرد کو عمر قید یا ایسی سزا دی جائے گی جو ۱۴ سال سے کم عرصہ کی نہ ہو اور کم سے کم ۲۰ لاکھ روپے جرمانہ ہو گا۔

(۳) کوئی شخص جان بوجھ کر یا قصداً کسی فرد کو کسی گلا دینے والے مواد سے ایسے طریقے سے نقصان پہنچائے جس سے چہرہ مستقل طور پر مسخ ہو جائے یا انسانی جسم کا کوئی عضو یا عضو کا حصہ مسخ یا کٹ جائے جو کہ فرد کے جسم کے خدوخال یا ظاہری ہیئت کو خراب یا زخمی یا آہستہ آہستہ گلا کر ختم کر دے، کو قید کی سزا دی جائے گی جو کہ کم سے کم دس سال اور کم سے کم جرمانہ دس لاکھ روپے ہو گا۔

۴۔ **گلا دینے والے مواد پھینکنے یا پھینکنے کی کوشش کی سزا۔** کوئی بھی شخص جو کسی دوسرے فرد پر نقصان پہنچانے کے ارادے سے کسی گلا دینے والے مواد کو پھینکنے کی کوشش کرے یا استعمال کرے تو ایسا شخص سزائے قید کا جو کہ تین سال سے کم نہیں ہو گی اور کم سے کم ایک لاکھ روپے جرمانے کا مستوجب ہو گا۔

۵۔ **مجرمانہ اعانت کی سزا۔** جو کوئی ایکٹ ہذا کے تحت کسی جرم کی معاونت کرے گا اور معاونت کے نتیجے میں جرم سرزد ہو جائے یا اس جرم کو سرزد کئے جانے کی کوشش کی جائے تو وہ شخص اس جرم کے لئے صراحت کردہ سزا کا مستوجب ہو گا۔

۶۔ **قابل سزا اور قابل سماعت جرم۔** ضابطے میں موجود کسی بھی چیز کے باوجود، باب ہذا کے تحت قابل سزا کوئی جرم قابل سزا، نا قابل ضمانت اور نا قابل مصالحت ہو گا۔

## باب سوم

## تفتیش، سماعت اور اپیل

۷۔ **ایف آئی آر درج کرنا۔** فی الوقت نافذ العمل کسی دیگر قانون میں موجود کسی چیز کے باوجود، جرم کی اطلاع موصول ہونے پر، کسی تھانے کا افسر، اس واقعہ کو کتاب میں ایسے طریقے سے مختصر اً درج کرے گا جیسا کہ ضابطے کی دفعہ ۱۵۴ کے تحت قابل سزا جرم کے لئے تجویز کی گئی ہے اور اس جرم کی تفتیش کرنے کا ذمہ دار ہو گا۔

۸۔ **جرائم کی تفتیش۔** (۱) متعلقہ پولیس آفیسر، انسپکٹر کے رینک سے کم نہ ہو، کی جانب سے ایکٹ ہذا کے تحت تفتیش کو جرم کے ارتکاب کی معلومات موصول ہونے کی تاریخ سے یا مجسٹریٹ سے تفتیش کے احکام موصول ہونے کی تاریخ سے تیس دنوں کے اندر تفتیش مکمل کرے گا۔

(۲) جہاں ذیلی دفعہ (۲) کے تحت مذکورہ مقررہ وقت کے اندر تفتیش کو حتمی شکل دینا ممکن نہ ہو تو عدالت مقررہ وقت میں زیادہ سے زیادہ پندرہ دن کی توسیع کر سکتی ہے اگر تفتیشی افسر خصوصی وجوہات بیان کر کے عدالت کو مطمئن کر سکتا ہے کہ انصاف کے مفاد کے لئے تفتیش کے مقررہ وقت میں توسیع کرنا ضروری ہے۔

(۳) اگر عدالت کو تفتیش کے دوران یا سماعت مقدمہ کے اختتام پر معلوم ہوتا ہے کہ تفتیشی افسر یا متعلقہ افسران مطلوبہ ذمہ داری کے ساتھ تفتیش کرنے میں ناکام ہو چکے ہیں یا کیس کی مناسب طور پر پیروی کرنے میں ناکام ہو چکے ہیں یا اپنے فرائض کی خلاف ورزی کر رہے ہیں تو عدالت ایسے افسر کو قید کی سزا سنائے گی جو دو سال تک ہو سکتی ہے یا مع جرمانہ یا سرسری کارروائیوں کو بحال کرتے ہوئے دونوں سزائیں ہو سکتی ہیں۔

۹۔ **سماعت۔** (۱) سیشن عدالت کے علاوہ کوئی عدالت قانون ہذا کے تحت کسی جرم کی سماعت نہیں کرے گی ماسوائے ایک تحریری رپورٹ پر جو کسی پولیس افسر جو انسپکٹر کے عہدہ سے کم درجہ کا نہ ہو یا حکومت کی جانب سے اس ضمن میں مجاز کردہ کسی فرد کی طرف سے دی جائے۔

(۲) عدالت مقدمہ کی سماعت کا نوٹس لینے کے بعد ترجیحاً تین ماہ کے اندر تیزی سے فیصلہ کرے گی۔

۱۰۔ **جرائم کا اختیار سماعت۔** مجموعہ میں مذکور کسی امر کے باوجود درجہ اول کا مجسٹریٹ ایکٹ ہذا کے تحت قابل سزا جرم کے مقدمہ کی سماعت کر سکتا ہے اور ایکٹ کے تحت وضع کردہ کوئی سزا دے سکتا ہے۔

۱۱۔ **متاثرہ شخص کو معاوضہ۔** مقدمہ کی سماعت کے اختتام پر عدالت جرمانہ کی سزا، اگر کوئی ہو، کے علاوہ متاثرہ شخص کو معاوضہ کی ادائیگی کے لئے مجرم شخص کو حکم صادر کر سکتی ہے۔

۱۲۔ **اپیل۔** سیشن کورٹ کے حتمی فیصلے سے غیر مطمئن کوئی شخص ہائی کورٹ میں اپیل دائر کر سکتا ہے۔

## باب چہارم

## طبّی و قانونی معاونت اور بحالی مراکز کا قیام

۱۳۔ **طبّی عملے کا معائنہ، علاج اور رپورٹنگ۔** جیسا کہ ضابطہ کی دفعہ ۱۷۴/الف میں صراحت کی گئی ہے اگر جلا دینے والے مادہ کے جرم کا شکار ہونے والے شخص کو ابتدائی علاج کے لئے نجی یا سرکاری یا نیم سرکاری زیر کنٹرول طبّی سہولت کے میڈیکل آفیسر کے پاس لایا جاتا ہے ایسے متاثرہ شخص کو فوری طبّی دیکھ بھال فراہم کرنے کے بعد طبّی امداد دینے والا میڈیکل آفیسر بغیر کسی تاخیر کے متعلقہ قانون نافذ کرنے والے ادارے یا قریبی پولیس اسٹیشن کو واقع کی اطلاع دے گا اور مذکورہ متاثرہ فرد کے سابقہ واقعات سے متعلق ریکارڈ بھی برقرار رکھے گا۔

۱۴۔ **حکومت کا طبّی عملہ مفت معائنے، طبّی علاج اور بحالی کے لئے سہولیات کی فراہمی کو آسان بناتے ہیں۔** (۱) طبّی سہولت کی فراہمی کو آسان بنانے والی ہر حکومت کا ہر طبّی عملہ اس امر کو یقینی بنائے گا کہ ایک مستند طبّی پیشہ ور معائنہ کرے اور تیزابی کیمیائی مواد سے حملہ کے متاثرہ فرد کو مفت مناسب طبّی سہولت فراہم کرے۔

بشرطیکہ اگر علاج سرکاری شعبہ کے ہسپتال نے کیا ہو تو، ایکٹ ہذا کے تحت قائم کردہ کمیٹی کے ذریعے ابتدائی اخراجات کی باز ادائیگی کی جا سکے۔

۱۵۔ **قانونی معاونت۔** (۱) قانونی معاونت و انصاف اتھارٹی کو قانونی معاونت و انصاف اتھارٹی ایکٹ، ۲۰۲۰ء (ایکٹ نمبر ۱۶ بابت ۲۰۲۰ء) کے تحت قائم کیا گیا اور یہ تیزاب گردی کے جرائم کے متاثرین کی قانونی معانت کرے گی۔ اس کے ساتھ ساتھ، ایکٹ ہذا کی روسے قائم کردہ فنڈ کو ایکٹ ہذا کے تحت قانونی معاونت کی فراہمی کے لیے بروئے کار لایا جائے گا۔

(۲) ذیلی دفعہ (۱) کے تحت قانونی معاونت کے علاوہ، کمیٹی متعلقہ وزارت جسے انسانی حقوق کا موضوع تفویض کیا گیا ہو، کی مشاورت سے قانونی، مالی یا دیگر امداد کی بلا معاوضہ یا فیس کی ادائیگی کی بنیاد پر فراہمی کے لیے وکلاء اور رضا کاروں کے پینلوں کی منظوری دے گی اور اس مقصد کے لیے ایکٹ ہذا اور قانونی معاونت و انصاف اتھارٹی ایکٹ، ۲۰۲۰ء (ایکٹ نمبر ۱۶ بابت ۲۰۲۰ء) کے تحت مذکورہ فنڈ بروئے کار لایا جائے گا۔

۱۶۔ **گلا دینے والے مواد کے متاثرین کی بحالی کا مرکز۔**(۱) وفاقی حکومت ان متاثرین کیلئے جہاں ضروری خیال کرے بحالی مراکز قائم کرے گی۔

(۲) حکومت گزٹ میں نوٹیفکیشن کے ذریعے کسی بھی سرکاری ادارے کو "تیزاب گردی کے متاثرین کی بحالی کا مرکز" قرار دے سکتی ہے۔

۱۷۔ **متاثرین کا فنڈ۔**(۱) وفاقی حکومت ایکٹ ہذا کی اغراض کے حصول کے لیے ایک فنڈ قائم کرے گی۔

(۲) اس فنڈ کی اغراض میں درج ذیل میں سے کسی بھی اخراجات کے لیے رقم صرف کرنا شامل ہو گا:۔

(الف) مرکز بحالی کا قیام؛

(ب) ایکٹ ہذا میں مذکورہ کسی بھی اختیار یا فرض یا کار منصبی کی انجام دہی؛ نیز

(ج) متاثرین کو طبی یا قانونی معاونت کی فراہمی۔

(۳) فنڈ درج ذیل ذرائع پر مشتمل ہو گا، یعنی:۔

(الف) وفاقی حکومت کی جانب سے سالانہ گرانٹ؛

(ب) بیت المال؛

(ج) مقامی، قومی اور بین الاقوامی معطیان کی جانب سے امداد اور معاونت؛ نیز

(د) آئینی اداروں، کارپوریشنوں، نجی اداروں اور افراد کی جانب سے چندے کی رقوم۔

(۴) فنڈ میں جمع کرائی گئی رقم مالی سال کے اختتام پر سوختگی رقوم نہیں ہو گی اور ہر وقت استعمال کے لیے دستیاب ہو گی۔

۱۸۔ **خصوصی کمیٹی۔**(۱) حکومت آٹھ ارکان پر مشتمل خصوصی کمیٹی تشکیل دے گی، جو فنڈ کی نگرانی اور اس کے انتظام و انصرام کی بابت ذمہ دار ہو گی۔

(۲) کمیٹی حسب ذیل ارکان پر مشتمل ہو گی:۔

| | |
|---|---|
| (الف) سیکرٹری، وزارت خزانہ: | چیئرپرسن |
| (ب) دو برن سرجن یا پلاسٹک سرجن: | رکن |
| (ج) دو سائیکیٹرسٹ/سائیکالوجسٹ: | رکن |
| (د) ایک انسانی حقوق کا وکیل: | رکن |
| (ہ) ایک کارکن برائے انسانی حقوق: | رکن |
| (و) ایک نجی مشیر برائے مالیاتی امور: | رکن |

۱۹۔ **کمیٹی کے اختیارات اور ذمہ داریاں۔**(۱) کمیٹی کو حسب ذیل اختیارات حاصل ہوں گے:۔

(الف) فنڈ کے انتظام و انصرام کے لیے ضوابط وضع کرنا اور ان پر عملدرآمد کرنا؛

(ب) مالی امداد کے جائزے کے لیے معیار مقرر کرنا لیکن یہ اختیار صرف مالیاتی ضرورت کے اظہار تک ہی محدود نہیں؛

(ج) مستحقین کے لیے رقوم مختص کرنا؛

(د) فیصلہ سازی کے عمل میں شفافیت اور انصاف پسندی یقینی بنانا؛

(ہ) مالی امور میں ایمانداری کی تعمیل یقینی بنانے کے لیے فنڈ سے کیے جانے والے اخراجات اور اس کے انتظام و انصرام کے ضمن میں آڈٹس کا باقاعدگی سے انعقاد کرنا؛

(و) فنڈ کے حوالے سے سرگرمیوں، اخراجات، آڈٹس، اور سفارشات، اگر ہوں، پر مشتمل سالانہ رپورٹ تیار اور شائع کرنا؛ اور

(ز) قانونی ماہرین اور رضاکاروں کے پینل کی منظوری دینا؛

## باب پنجم

## متفرقات

۲۰۔ **مخصوص قوانین کا اطلاق۔** متاثرین کو معذور افراد متصور کیا جائے گا اور انہیں آئی سی ٹی حقوق معذوراں ایکٹ، ۲۰۲۰ء (نمبر ۳۵ بابت ۲۰۲۰ء) کی رو سے مجوزہ فوائد اور تمام اقدامات کی بابت استحقاق حاصل ہوں گے۔

۲۱۔ **قواعد وضع کرنے کا اختیار۔** وفاقی حکومت سرکاری جریدے میں نوٹیفکیشن کے ذریعے ایکٹ ہذا کی اغراض کے حصول کے لیے قواعد وضع کر سکتی ہے۔

## بیان اغراض و وجوہ

تیزاب گردی اور جلائے جانے کے جرائم میں تشویشناک حد تک اضافہ نے ایک وبائی صورت اختیار کر لی ہے جس سے ہر سال سینکڑوں خواتین اور بچے زخمی اور تکلیف کا شکار ہوتے ہیں۔ یہ پریشان کن رجحان مایوسی، ناامیدی اور صدمے کی کیفیت کو دوام دیتا ہے۔ متاثرین کو سماجی و معاشی خطرات، ہمہ وقت طاری رہنے والے خوف و بدنامی، ناقابل قبول معاشرتی رویوں اور پیچیدہ جسمانی نقصان سمیت حوصلے اور ہمت کے متقاضی چیلنجوں کا سامنا کرنا ہوتا ہے جس کے لئے جامع قانون سازی کی فوری ضرورت ہے۔

ان جرائم کا ازالہ کرنا صرف ایک قانونی ضرورت نہیں ہے بلکہ یہ ایک اخلاقی ذمہ داری ہے تاکہ انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں سے نمٹا جائے۔ ہمیں تمام پاکستانی شہریوں کی عزت اور تحفظ کیلئے پر عزم ہونا چاہیے جو کہ ریاست پاکستان کی جانب سے توثیق شدہ بین الاقوامی معاہدات کی مطابقت میں ہے جس میں انسانی حقوق کا عالمی اعلامیہ (یو ڈی ایچ آر)، خواتین کے خلاف ہر قسم کے امتیازی سلوک کے خاتمے کا کنونشن (سی ای ڈی اے ڈبلیو)، کنونشن برائے حقوق بچگان (سی آر سی)، سول و سیاسی حقوق پر مبنی بین الاقوامی معاہدہ (آئی سی سی پی آر) شامل ہیں۔

تیزاب پھینکنے اور جلائے جانے کے جرائم سے نمٹنے کی یہ جامع سوچ اسلامی جمہوریہ پاکستان کے ۱۹۷۳ء کے آئین میں وضع کردہ اصولوں سے مکمل طور پر مطابقت رکھتی ہے اور ہر فرد کے لیے انصاف، مساوات اور بنیادی حقوق کے لیے ہمارے جذبے کا اعادہ کرتی ہے۔ لہٰذا یہ انتہائی ضروری ہے کہ ہم سب محفوظ اور زیادہ منصفانہ معاشرے کو یقینی بنانے کے لیے فیصلہ کن اقدام اٹھائیں۔

دستخط/-
محترمہ شرمیلا صاحبہ فاروقی ہشام
رکن، قومی اسمبلی